پینے کے پانی کا کنیکشن

(حصول اور شکایات کے اندراج کا طریقہ کار)

بحوالہ

پانی اور نکاسی سے متعلقہ صوبائی اور ضلعی ادارے

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانون' انصاف اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے تحت تیار کیا گیا ہے۔

اس مواد کی تیاری کیلئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

پینے کے پانی کا کنیکشن

(حصول اور شکایات کے اندراج کا طریقہ کار)

سوال 1۔ پانی کا کنیکشن حاصل کرنے کا کیا طریقہ کار ہے؟

جواب۔ پانی کا کنیکشن متعلقہ ضلع کے دفتر میں ون ونڈو آپریشن کے تحت درخواست جمع کرانے کے بعد حاصل کیا جا سکتا ہے۔

سوال 2۔ فارم کے ساتھ کون سے کاغذات جمع کرانا ضروری ہیں؟

جواب۔ اس فارم کے ساتھ درج ذیل کاغذات جمع کرانا ضروری ہیں:

(1) اس جگہ کی ملکیت کا ثبوت جہاں کنیکشن درکار ہے۔

(2) کرایہ دار ہونے کی صورت میں معاہدہ کرایہ داری۔

(3) کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی۔

(4) ہمسائے کے پانی کا بل۔

سوال 3۔ پانی کا کنیکشن حاصل کرنے کے لئے کتنی فیس ادا کرنا ضروری ہے؟

جواب۔ ہر ضلع میں پانی کا کنیکشن حاصل کرنے کے لئے فیس مختلف ہوتی ہے جو زیادہ سے زیادہ 3500 روپے تک ہو سکتی ہے۔

سوال 4۔ پانی کا کنیکشن کتنی مدت کے اندر حاصل کیا جا سکتا ہے؟

جواب۔ درخواست فارم جمع کرانے کے بعد 8 دن کے اندر پانی کا کنیکشن مہیا کر دیا جاتا ہے۔

سوال 5۔ پانی کا بل کتنے عرصے بعد موصول ہوتا ہے؟

جواب۔ پانی کا بل ہر 3 مہینے کے بعد موصول ہوتا ہے جسے مقررہ تاریخ کے اندر جمع کرانا ضروری ہوتا ہے۔

سوال 6۔ کیا بل کی عدم ادائیگی کے باعث منقطع کنیکشن دوبارہ بحال ہو سکتا ہے؟

جواب۔ بل کی عدم ادائیگی کے باعث منقطع کنیکشن، بقایاجات کی مکمل ادائیگی اور دوبارہ کنیکشن حاصل کرنے کی فیس ادا کرنے کے بعد دوبارہ بحال ہو سکتا ہے۔

سوال 7۔ پانی کے بل سے متعلق شکایات کہاں درج کرائی جا سکتی ہیں؟

جواب۔ پانی کے بل کی پشت پر ہر ضلع میں موجود شکایات دفاتر کے ٹیلی فون نمبر موجود ہوتے ہیں اس کے علاوہ متعلقہ ضلع میں موجود ون ونڈو ڈائریکٹوریٹ کے دفتر میں بل سے متعلقہ شکایات درج کرائی جا سکتی ہیں۔

سوال 8۔ پانی کا کنیکشن نہ ملنے کی صورت میں شکایت کہاں درج کرائی جاسکتی ہے؟

جواب۔ پانی کا کنیکشن نہ ملنے کی صورت میں شکایت متعلقہ ضلع میں موجود شکایات دفتر میں درج کرائی جاسکتی ہے۔

سوال 9۔ پانی کے کنیکشن سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی پانی کے کنیکشن سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں:

(1) قانون وانصاف کمیشن، حکومتِ پاکستان، سپریم کورٹ بلڈنگ، اسلام آباد، فون نمبر 051-9220483۔ فیکس نمبر 051-9214416، ای میل ljcp@ljcp.gov.pk، ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk

۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس نمبر 1379 اسلام آباد، فون نمبر 111-739-739، ای میل main@crcp.org.pk۔

(3) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔

(4) پانی اور نکاسی سے متعلقہ صوبائی اور ضلعی اداروں۔